شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

16ستمبر2024ء

پریس ریلیز

مسائل میں گھری ہوئی امت کے لیے اُسوۂ رسول ﷺ میں حقیقی فلاح ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): مسائل میں گھری ہوئی امت کے لیے اُسوۂ رسول ﷺ میں حقیقی فلاح ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی انہوں نے کہا کہ ماہ ربیع الاوّل میں سیرت کانفرنسز اور محافل نعت کا انعقاد یقینا قابلِ تحسین ہے اور اگرچہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور حضور ﷺ کی ثنا مطلوب ہے اور عبادت کا جزو بھی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلام صرف مذہبی رسومات کی ادائیگی کا نام ہی نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے لہٰذا جب تک اس پر مکمل طور پر عمل نہیں کیا جاتا مسلمان دنیوی عزت ووقار اور اُخروی نجات حاصل نہیں کرسکیں گے۔ مسلمانوں کو نبی اکرم ﷺ کی مبارک سیرت اور اُسوہ پر اپنی نگاہیں مرکوز کرنا ہوں گی اور آپ ﷺ کے مشن کو اپنانا ہوگا اور یہ دیکھنا ہوگا کہ آپ ﷺ نے اعلانِ نبوت سے لے کر دنیا سے پردہ فرمانے تک کس مشن پر مسلسل عمل کیا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اِس حوالے سے دو آراء ممکن ہی نہیں کہ آپ ﷺ نے مسلسل 23 سال تک اُس دین کو قائم و نافذ کرنے کی شب و روز جدوجہد کی جس کا اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو وحی کے ذریعے حکم دیا تھا۔ امیر تنظیم نے کہا کہ خطبہ حجۃ الوداع میں آپ ﷺ نے لوگوں سے یہ گواہی لی کہ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے عائد کردہ ذمہ داری کو احسن ترین طریقہ سے ادا کردیا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اب یہ اُمت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اِس دین کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچادے۔ لیکن صد افسوس کہ آج عملی طور پر اُمتِ مسلمہ کا نام و نشان ہی نہیں اور یہی وجہ ہے کہ فلسطین، کشمیر، میانمار اور دنیا بھر میں مظلوم مسلمانوں کی دادرسی کرنے والا کوئی دکھائی نہیں دیتا۔ ہماری اس ذلت و رسوائی کی اصل وجہ یہ ہے کہ وہ ذمہ داری جو ہمیں سونپی گئی تھی ہم اُسے ادا کرنے میں بُری طرح ناکام ہوئے ہیں۔ ہمیں یقینِ واثق ہے کہ اگر آج بھی خلوص اور جانفشانی سے دینِ اسلام کے نفاذ کی کوشش کی جائے تو اللہ تعالیٰ ہمیں کامیابی عطا فرمائے گا اور ہم ایک بار پھر اِس دنیا کی قیادت کریں گے اور یہ ہماری اُخروی نجات کا ذریعہ بھی بنے گا۔ ان شاءاللہ!

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان